عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز ہفتہ 21 نومبر 2026ء/ 10 جمادی الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 234

عوامی رائے کا راستہ ہموار کیا جائے، ریفرنڈم کرانے میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے، عطاتارڑ

آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جاسکتا ہے عوامی رائے تو آنی ہے، عوامی رائے آئے گی، اس کے بعد دیکھیں گے کیا ہوتا ہے

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی صدر مملکت سے بھی ملاقات ہوئی ہے جس میں معاملات پر تبادلہ خیال اور افہام وتفہیم کے ساتھ آگے بڑھنے کے امور زیر غور آئے، وفاقی وزیر اطلاعات کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ نے کہا ہے کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہیے، اگر عوام نئے صوبوں کے قیام کے حق میں ہوں تو صوبے بنا دینے چاہئیں اور اگر مخالفت میں ہوں تو ایسا نہیں ہونا چاہیے، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے اور قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جاسکتا ہے۔ وہ جمعے کو یہاں الیکشن کمیشن (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

کواڈ اجلاس، مودی ٹرمپ سے براہ راست ملاقات سے محروم

امریکی صدر نے محض رسمی ملاقات اور بات چیت تک ہی اکتفا کیا

نئی دہلی (جی این ایم) کواڈ اجلاس میں امریکی صدر نے مودی سے براہ راست ملاقات کے بجائے محض رسمی ملاقات اور بات چیت تک ہی اکتفا کیا۔ بھارتی جریدہ بزنس اسٹینڈرڈ کے مطابق برسوں تک ٹرمپ کی خوشامد اور قریبی شراکت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ڈیرہ بگٹی، پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا

مغویوں میں حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ شامل ہیں، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرکے تلاش شروع کردی

ڈیرہ بگٹی (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پٹ فیڈر سے نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر دو افراد کو اغوا کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ بگٹی کے قریب سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے پٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

قلعہ عبداللہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

بھتہ خوری، اسمگلنگ اور منشیات کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی ہدایت، محکمہ داخلہ سے ایک ہفتے میں رپورٹ طلب

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ عبداللہ میں (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

سلامتی کونسل کا اجلاس بی ایل اے و مجید بریگیڈ پر پابندی لگائے، چین کا مطالبہ

عالمی برادری دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرے، عالمی دہشتگردی کا خطرہ بدستور پیچیدہ اور سنگین ہے

دہشتگرد تنظیمیں اپنی کارروائیوں کی صلاحیت بڑھا رہی اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر ورسوخ پھیلا رہی ہیں، سلامتی کونسل کے اجلاس میں مطالبہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ میں چینی مندوب سن لی نے سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ قرارداد 1267 اور 2713 کے تحت پابندیوں کے نظام کو موثر انداز میں استعمال کیا جائے اور کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) اور اس کے ذیلی ونگ مجید بریگیڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)



اسلام آباد، ترکیہ کے وزیر توانائی و قدرتی وسائل کی قیادت میں وفد وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہا ہے

ڈیرہ اللہ یار کی اہم شاہراہوں اور چوکوں سے غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ، سامان ضبط

عوامی راستوں اور شاہراہوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا: اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا

جعفر آباد (خ ن) ضلع جعفر آباد میں عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرا کی سربراہی میں تجاوزات (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

سعودی عرب کے حق دفاع کی حمایت، حوثی ملیشیا کے حملے بند کیے جائیں، پاکستان

ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے

پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کو حوثی ملیشیا کی جانب سے نشانہ بنائے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کے خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے دفاع کے حق کی حمایت کرتے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ایشیا کے مالیاتی نظام میں بچوں کے حقوق اور ضروریات کو مرکزی حیثیت دی جائے، گیلانی

ایشیا اور بحرالکاہل کا خطہ ایک ارب سے زائد بچوں کا مسکن ہے، پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ نے حکومتوں، پارلیمانوں اور کثیر الجہتی ترقیاتی بینکوں پر زور دیا کہ وہ قومی مالیاتی پالیسیوں اور بجٹ سازی کو بچوں کے حقوق سے ہم آہنگ بنائیں اور وعدوں کو عملی سرمایہ کاری میں تبدیل کریں۔ بنکاک، 19 نومبر 2026ء: (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

خیبر پختونخوا میں امن واستحکام برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہیں، فیلڈ مارشل

فیلڈ مارشل نے خیبر پختونخواہ پولیس کی بہادری کو بھی سراہتے ہوئے اسے دہشت گردی اور فتنہ الخوارج کے خلاف صف اول کی بہادر فورس قرار دیا، آئی ایس پی آر



میر انشاہ، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی صورتحال اور انٹیلیجنس بیسڈ آپریشنز کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے

راولپنڈی (جی این ایم) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بڑی جدوجہد کے بعد حاصل ہونے والے امن و استحکام کو برقرار رکھنے کے لئے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے میران شاہ، شمالی وزیرستان کا دورہ کیا، یادگارِ شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فوج کے شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل کو علاقے کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال، جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور انسدادِ دہشت گردی کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مستحکم کرنے، نیز علاقے میں دیرپا امن و استحکام یقینی بنانے کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر جامع بریفنگ دی گئی۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے افسران اور جوانوں سے ملاقات بھی کی اور ان کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، آپریشنل تیاری اور وطنِ عزیز کے دفاع وسلامتی کے لیے غیر متزلزل عزم کو سراہا۔ خیبر پختونخوا پولیس کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز نے پولیس (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

وزیراعظم کو معاشی مسائل کی طرف توجہ دینے کا موقع نہیں دیا گیا، بلاول

جنگ کے اثرات ہم سب کو اٹھانے پڑ رہے ہیں، امن کا معاہدہ ابھی تک نظر نہیں آرہا، معاشی بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام کے کندھوں پر معاشی بوجھ ہے

زراعت کے شعبے میں 90 فیصد چھوٹے زمینداروں کا کردار ہے، مہنگائی بڑھ رہی ہے، حالات مشکل ہوتے جارہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میں نے شہباز شریف کو 2 دفعہ وزیراعظم بنوایا، چاہتا ہوں کہ وہ بطور وزیراعظم 5 سال پورے کریں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ویٹ سپورٹ پروگرام کی تقریب سے خطاب ہوئے کہا کہ جنگ کے اثرات ہم سب کو اٹھانے پڑ رہے ہیں، امن کا معاہدہ ابھی تک نظر نہیں آرہا، معاشی بحران سے نکلنے میں وقت لگے گا، عوام (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

بلاول کہانیاں نہ بنائیں عوام کی بات کریں، شاہد خاقان عباسی

نئے صوبوں کا خاکہ کیا ہوگا یہ معمولی بات نہیں، چہرے بدلنے سے بات نہیں بنے گی، عوام کی رائے کا احترام کریں

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کہانیاں نہ بنائیں بلکہ عوام کی بات کریں کیونکہ بات مفاد کی ہے، نئے صوبوں کی مخالفت مفاد بچانے کیلئے ہے۔ اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب میں شاہد خاقان عباسی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ایک بار پھر ملتوی، مسلسل 15 ماہ سے زیر التوا

بھتیجے نے فیصل آباد آج تک دیکھا نہیں اور اسے 60 سال کی سزا دے دی گئی، شیخ رشید کی پیشی کے موقع پر گفتگو

راولپنڈی (جی این ایم) انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ایک مرتبہ پھر ملتوی کردی۔ جی ایچ کیو حملہ کیس 15 ماہ سے مسلسل زیر التوا ہے جبکہ کیس کی سماعت کے لئے وڈیو لنک سسٹم 15 ماہ میں بھی فعال نا ہوسکا۔ کیس کے گواہ بھی پیش نہیں ہوئے اور 15 ماہ سے صرف تاریخیں ڈالی جارہی ہیں۔ بانی چیئرمین تحریک انصاف (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد تین آئل ٹینکرز میں آگ لگ گئی

بحری بارودی سرنگیں آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکروں کیلئے خطرہ بن گئیں، ایرانی پاسداران انقلاب

تہران، مسقط (جی این ایم) آبنائے ہرمز میں بحری بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے بعد تین آئل ٹینکروں میں آگ لگنے کا دعویٰ سامنے آیا ہے۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز (یو کے ایم ٹی او) کے مطابق آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ایک آئل ٹینکر کو نامعلوم سمت سے آنے والی چیز نے نشانہ بنایا، جس سے جہاز کے انجن روم کو نقصان پہنچا۔ یو کے ایم ٹی او نے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

حکومت جہاں کھڑی ہے وہیں رک جائے بصورت دیگر ہم سڑکوں پر ہونگے، فضل الرحمان

کارکن متحد، متفق اور ایک صف میں رہیں، کسی کی طاقت آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی ان شاءاللہ ہم مخالفین کی طاقت کو خاکستر کرکے رہیں گے

حکمرانوں کی جیلیں ختم ہوجائیں گی ہمارے کارکن ختم نہیں، ہم سیاسی میدان اور سیاسی انداز میں مقابلہ کریں گے، سربراہ جمعیت علماء اسلام

پشاور (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے حکومت کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جہاں کھڑی ہے، وہیں رک جائے، بصورت دیگر جمعیت علماء اسلام سڑکوں پر آئے گی اور ضرورت پڑنے پر جیلوں کا رخ بھی کرے گی۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کردیں

لندن (جی این ایم) پاکستان ہائی کمیشن لندن نے نادرا، پاسپورٹ اور ویزا سروسز عارضی طور پر معطل کرنے کا اعلان کردیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

بخت محمد کاکڑ کا گوادر مسافر بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے گوادر میں پیش آنے والے مسافر بس کے افسوسناک حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی موجودگی میں ترکیہ اور پاکستان کے درمیان معاہدے پر دستخط کئے جارہے ہیں

قلعہ عبداللہ میں آبائی زمینوں پر قبضے اور منشیات کی مبینہ کاشت کا الزام

متاثرہ خاندان کا پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (جی این ایم) تو ا چکزئی کے علاقے سنگ کد نی سے تعلق رکھنے والے فیملی نصراللہ اچکزئی، اختر بی بی پشتونہ، صائمہ، بخت زمین کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں ان کی آبائی اراضی پر مبینہ طور پر زبردستی قبضہ کیا گیا ہے، جہاں افیون اور بھنگ (چرس) کی کاشت کی جارہی ہے، جبکہ اس تمام معاملے میں بعض پولیس اہلکاروں (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، وزیر دفاع

گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریباً دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام دے چکے ہیں

اقوام متحدہ کے امن مشنز کو درپیش مالی مشکلات اور وسائل کی کمی عالمی سلامتی کے لیے چیلنج بن سکتی ہے، اور اہلکار فراہم کرنے والے ممالک کو پالیسی سازی میں موثر نمائندگی ملنی چاہیے

برسلز (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے۔ یورپی یونین کے زیر اہتمام یورپی پارلیمنٹ برسلز میں منعقد ہونے والے تیسرے شومان سکیورٹی اینڈ ڈیفنس فورم میں پاکستان نے اعلیٰ سطح پر شرکت کرتے ہوئے عالمی امن وسلامتی، موسمیاتی خطرات اور خطے کے دیرینہ تنازعات کے پرامن حل پر اپنا مؤقف پیش کیا ہے۔ 17 اور 18 نومبر کو ہونے والے اس دو روزہ فورم میں پچاسی سے زائد شراکت دار ممالک، یورپی یونین، اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے نمائندوں نے شریک ہو کر بدلتے ہوئے عالمی نظام اور سکیورٹی چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے یورپی یونین کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کی خصوصی (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

چھتر، نائب تحصیلدار کا تحصیل میر حسن میں نرخ ناموں اور اشیا کی معیاد کا معائنہ

گرانفروشی اور زائد المیعاد اشیا کی فروخت برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی پر کارروائی کی تنبیہ

چھتر (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد دوریندر لعل کی ہدایت پر نائب تحصیلدار صدورا خان ابڑو کا پٹواری غلام رسول مغیری کے ہمراہ دورہ، پیٹرول پمپس، پرچون دکانوں، مرغی اور سبزی فروشوں کے نرخ ناموں اور اشیائے خوردونوش کی تاریخ تنسیخ کا معائنہ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نصیرآباد دوریندر لعل کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تحصیل میر حسن میں گرانفروشی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

جی ایم گڈا کی بی آر ایس پی دفتر گوادر آمد، ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر سے ملاقات

مقامی نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر صنعتی ترقی اور روزگار کے ثمرات میں شریک کرنا ناگزیر ہے: محمد ہاشم بزنجو

گوادر (خ ن) گوادر انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے جنرل منیجر محمد ہاشم بزنجو نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے دفتر گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ پروجیکٹ کوآرڈینیٹر زبیر ہوت سے ملاقات کی۔ ملاقات میں RISE پروگرام، جاری فنی و پیشہ ورانہ تربیتی سرگرمیوں، نوجوانوں کی استعداد کار میں اضافے اور مقامی سطح پر روزگار کے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال (IRADA) کے دورے کے دوران مختلف شعبوں کا معائنہ کررہے ہیں

عالمی امن کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اور باہمی تعاون پر مبنی سلامتی پالیسی ناگزیر ہے، وزیر دفاع

خیبر پختونخوا میں دہشتگرد گروہوں سے رکن ممالک کو خطرہ ہے، سربراہ سلامتی کونسل

دہشتگردوں کو طالبان کی لاجسٹیکل اور آپریشنل سپورٹ حاصل، ٹی ٹی پی نے افغان سرزمین سے پاکستان میں کئی جان لیوا حملے کئے ہیں، سانیتا پاولیوٹا ڈیس لینڈیس

عالمی سطح پر بدلتے خطرات سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کے انسدادِ دہشت گردی کے نظام میں اصلاحات کی جائیں، پاکستانی مستقل مندوب سید حیدر شاہ

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی سربراہ سانیتا پاولیوٹا ڈیس لینڈیس نے کہا ہے کہ افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی کی وجہ سے رکن ممالک کو دہشتگردی کے خطرات کا سامنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اپنے بیان انہوں نے کہا کہ داعش خراسان نے افغانستان کے باہر علاقوں پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے اور تحریک طالبان پاکستان سنگین نوعیت کا خطرہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردوں کو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی

اصل امتحان الیکشن میں کامیابی نہیں بلکہ ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھانا ہے: میر محمد صادق عمرانی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں شاہین پینل کی کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں صوبائی وزیر نے شاہین پینل کے نومنتخب صدر کامریڈ یوس زہری، جنرل سیکرٹری قائم خان کاکڑ اور پوری کابینہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حق رائے دہی کا درست استعمال اور ورکرز (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

عوام کو سستا فوری تیز سواری سسٹم فراہم کرنا خوش آئند بات ہے، نذر بڑیچ

کوئٹہ کے شہریوں کو فوری تیز اور سستا ترین ٹرانسپورٹ سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومتی سطح مدد اور تحفظ فراہم کرنا ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ شہر صوبائی دارالحکومت میٹروپولیٹن کارپوریشن اعزاز حاصل کرنے کے باوجود نیم شہری۔ نیم قبائلی نیم کاروباری بلکہ دنیا سے اب بھی کٹے ہوئے ہیں ان کا چوتھائی حصہ اگر اپنے شعبے کی ترقی اور جدیدیت پر صرف کریں (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



اسلام آباد: وزیر تجارت جام کمال خان سے جنوبی افریقہ کا اعلیٰ سطح کے کاروباری وفد ملاقات کررہا ہے

غیر یقینی عالمی حالات میں مستحکم تجارت کیلئے علاقائی روابط ضروری ہیں، عبدالعلیم

پاکستان وسطی اور جنوبی ایشیا، چین اور مشرق وسطیٰ کو جوڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے، پاکستان محفوظ، پائیدار اور مربوط علاقائی ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کے قیام کیلئے پرعزم

تجارتی رکاوٹوں کے خاتمے اور متبادل راستوں سے علاقائی سپلائی چین مضبوط ہوگی، وفاقی وزیر مواصلات کا بینکاک میں وزارتی ٹرانسپورٹ کانفرنس سے ویڈیو خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے علاقائی رابطہ کاری کو معاشی مضبوطی اور مشترکہ خوشحالی کے لئے اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی حالات میں غیر یقینی کے باوجود تجارت جاری رکھنے کیلئے کسی ایک ملک پر انحصار کے بجائے متبادل تجارتی راستے بنانا ہوں گے۔ بینکاک میں وزارتی ٹرانسپورٹ کانفرنس سے ویڈیو خطاب میں وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ پاکستان وسطی اور جنوبی ایشیا، چین (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر پاکستانی تجارتی وفد دسمبر میں مالدیپ کا دورہ کرے گا جس (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا وفاقی محتسب دفتر کا دورہ

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جمعرات کو وفاقی محتسب کے دفتر کا دورہ کیا۔ وفاقی محتسب (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

صحبت پور، نامعلوم افراد نے 10 ایکڑ رقبے پر جمع شدہ چاول کے ڈھیر کو آگ لگادی

تحصیل پنہور سنہری میں مقامی مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پالیا، پولیس نے تفتیش شروع کردی

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور کی تحصیل پنہور سنہری کے پولیس تھانہ RD-238 کی حدود میں نامعلوم شرپسند عناصر نے مقامی کاشتکار کے جمع شدہ چاول کے ڈھیر کو آگ لگا دی اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ RD-238 کی حدود گاں دودا خان نندوانی کے قریب مقامی زمیندار حسین کنرانی کی جانب سے 10 ایکڑ رقبے سے حاصل کرکے جمع کیے گئے چاول کے ڈھیر کو نامعلوم ملزمان نے نذر آتش کر دیا۔ واقعے کی اطلاع (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

گوادر میں کیسکو کے جاری واک اِن انٹرویوز کے انتظامات کا جائزہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا انٹرویو سینٹر، سیکیورٹی اور امیدواروں کی سہولیات کا معائنہ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور حکومتِ بلوچستان کی عوامی سہولت، شفافیت اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں کی پالیسی کے تحت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل گوادر ڈاکٹر عبدالشکور نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس ہیڈکوارٹر حسین بلوچ، پی آر او جی ڈی اے حفیظ شیران اور ایس ایس پی آفس کے جمل بلوچ کے ہمراہ کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے جاری واک اِن انٹرویوز کے انتظامات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے انٹرویو کے عمل (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر کیچ کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

174 اسکولوں کے دوروں کی رپورٹ پیش، بجلی و پانی کی عدم دستیابی اور غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا جائزہ

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، تحصیل سطح کے ایجوکیشن آفیسران، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر سمیت محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے تعلیمی اداروں کی مجموعی کارکردگی، انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں اور اسکولوں میں دستیاب بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)



راولپنڈی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

قطر کے وزیر داخلہ شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آلثانی اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (جی این ایم) قطر کے وزیر داخلہ اور داخلی سلامتی فورس کے کمانڈر شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آلثانی پاکستان کے سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ اسلام آباد ایئرپورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

حب میں فلیٹ سے ہندو میاں بیوی کی لاشیں برآمد

حب (جی این ایم) بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں فلیٹ سے ہندو میاں بیوی کی لاشیں برآمد ہوئیں تاہم وجہ ہلاکت معلوم نہ (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

خلیج میں کشیدگی کا اثر زائل، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مستحکم

واشنگٹن (جی این ایم) عالمی منڈی میں جمعرات کے روز خام تیل کی قیمتیں گزشتہ سیشن میں کمی کے بعد مستحکم ہیں، کیونکہ تیل کی رسد میں اضافے کی توقعات اور امریکی شرح سود میں ممکنہ اضافے کے خدشات نے ایران (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

الیکشن کمیشن کا 13 یونیورسٹیز کے ساتھ کنسورشیم کا قیام، مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 13 یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کر کے کنسورشیم کا باضابطہ آغاز کردیا۔ الیکشن کمیشن اور پاکستان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت: 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

حالات کے تناظر میں پاکستان کا مستقبل

از قلم /// غلام رسول بلوچ

موجودہ حالات کے تناظر میں پاکستان کا مستقبل امید اور شدید چیلنجز کے دوراہے پر کھڑا نظر آتا ہے۔

ملک میں ایک طرف معاشی استحکام کے آثار اور عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری دکھائی دے رہی ہے تو دوسری طرف اندرونی سیاسی تقسیم ؟ انتظامی ڈھانچے پر بحث ،سیکورٹی خدشات اور خطے میں کشیدگی جیسے مسائل بھی درپیش ہیں۔

عالمی ریٹنگ ایجنسیوں (موڈیز فچ اور ایس اینڈ ڈی پی) کی جانب سے آوٹ لک کو مستحکم قرار دینا سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی کی طرف اشارہ کرتا ہے

آ ء ایم ایف کے مطابق علاقائی کشیدگی قرضوں کے بوجھ اور ٹیکس نیٹ کی کمی جیسے مسائل اب بھی معیشت کے لیے خطرہ ہیں

معاشی ماہرین کے نزدیک پائیدار مستقبل کا دارومدار محض قرضوں کے رول اوور پر نہیں بلکہ برآمدات پر مبنی معیشت توانائی کے شعبے میں اصلاحات اور سرکاری شاہانہ خرچوں میں کمی پر ہے

ملک میں سیاسی پولرائزیشن اور گورننس کے مسائل اب بھی ایک بڑا چیلنج ہیں

خیبر پختون خوا اور بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال اور سرحد پار سے درپیش سیکورٹی خدشات وخطرات معاشی منصوبوں اور بیرونی سرمایہ کاری کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ ملک میں دہشت گردی کا ناسور ملک کے امن وامان کے لیے ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے اس جنگ میں ہماری افواج دیگر سیکورٹی ادارے اور قوم نے بہت قربانیاں اور شہادتیں پیش کیں ہیں اس ناسور کے سدباب کے لیے قوم کے تعاون سے افواج پاکستان اور دیگر سیکورٹی ادارے پرعزم ہیں۔ بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی کا خاتمہ ضروری ہے۔

پائیدار ترقی کے لیے امن کا قیام اور مقامی آبادیوں کی محرومیوں کا ازالہ ناگزیر ہے۔

پاکستان نے سفارتکاری کے میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کر کے اس تاثر کی بالکل ہی نفی کر دی ہے کہ پاکستان عالمی دنیا میں تنہائی کا شکار ہے بھارت پاکستان کو عالمی تنہائی کا شکار کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر پاکستان کے خلاف جھوٹا پروپیگنڈہ اور بیانیہ ترتیب دیتا آیا ہے لیکن پاکستان نے اپنی بہترین سفارتکاری کے ذریعے عالمی دنیا میں اپنا ایک مقام بنایا ہے عالمی دنیا پاکستان کو ایک خاص اہمیت دیتی ہے اور بھارت خود عالمی تنہائی کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔

مشرق وسطٰی (ترکی سعودی عربیہ) چین اور وسطی ایشیاء ریاستوں کے ساتھ دفاعی صنعتی اور تجارتی شراکت داری کو وسعت دے رہا ہے جسکے خطے اور پاکستان پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔

جغرافیائی محل وقوع کو تنازعات کی بجائے علاقائی تجارت اور ٹرانزٹ اکانومی کے لیے استعمال کرنا پاکستان کے لیے گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے۔

پاکستان کی نوجوان نسل اور ٹیکنالوجی کا استعمال چونکہ پاکستان کی یوتھ ملکی آبادی کا تقریباً 65 فیصد پر مشتمل ہے اگر اس ہیومن کیپٹل کو جدید آ ءٹی اسکلز فنی تعلیم اور ڈیجیٹل معیشت سے جوڑ دیا جائے تو فری لانڈنگ اور سافٹ ویئر ایکسپورٹ ملک کی تقدیر بدل سکتے ہیں۔

اس کے برعکس اگر روزگار کے مواقع پیدا نہ کیے گئے تو بیروزگاری اور قابل افراد کے ملک چھوڑنے کے مسائل میں سنگین اضافہ ہو سکتا ہے۔

پاکستان کا روشن مستقبل آنیوالی نسلوں کا منتظر ہے

آج ملک سے مخلصی کی ضرورت ہر پاکستانی کو ہے۔

☆☆☆☆

معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر آپریشنز کاشف زبیر نے ڈپٹی ڈائریکٹر نصیب اللہ ناصر اور انسپیکشن ٹیموں کے ہمراہ کوئٹہ جیل کا دورہ کیا جہاں قیدیوں کو فراہم کیے جانے والے کھانے کے معیار، کچن کے انتظامات اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر آپریشنز نے جیل کے کچن، اسٹور روم اور کھانے کی تیاری و تقسیم کے مختلف مراحل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر کھانے میں استعمال ہونے والے آئل، آٹا، دالوں، سبزیوں اور دیگر اشیائے خورد ونوش کے معیار، ذخیرہ کرنے کے طریقہ کار اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر عملدرآمد کو بھی چیک کیا گیا۔ ایس ایس پی جیل خانہ جات حمید اللہ نے ڈائریکٹر آپریشنز اور ان کی ٹیم کو جیل میں کھانے کی تیاری، قیدیوں کو خوراک کی فراہمی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر آپریشنز کاشف زبیر نے مجموعی طور پر کھانے کے معیار اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے جیل انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ معیاری اور محفوظ خوراک کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے، جس میں جیلوں اور دیگر سرکاری اداروں میں فراہم کی جانے والی خوراک بھی شامل ہے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی عوامی صحت کے تحفظ کے لیے خوراک کی تیاری، ذخیرہ اندوزی اور تقسیم کے تمام مراحل میں حفظانِ صحت کے اصولوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

(01)

امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کے مکمل خاتمے کے لیے متعلقہ حکام کو مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیاں کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھتہ خوری، اسمگلنگ، منشیات فروشی اور دیگر منظم جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں اور قلعہ عبداللہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کیا جائے۔ یہ ہدایات انہوں نے جمعرات کو قلعہ عبداللہ میں امن وامان کی صورتحال اور جرائم کے خاتمے سے متعلق اپنی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران جاری کیں۔ اجلاس میں قلعہ عبداللہ میں پائیدار امن کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیے ایک جامع حکمت عملی کے تحت مربوط اقدامات کی منظوری بھی دی گئی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ داخلہ کو ہدایت کی کہ قلعہ عبداللہ میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری اور مجوزہ کارروائیوں سے متعلق ایک ہفتے کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ علاقے میں امن وامان کی بحالی کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

(02)

فیڈر کے مقام پر نامعلوم مسلح ملزمان نے اسلحہ کے زور پر حسین بخش اور غالب حسین مرہٹہ نامی دو شہریوں کو یرغمال بنا کر اپنے ساتھ لے گئے اور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس نے پورے علاقے اور داخلی و خارجی راستوں کی سخت ناکہ بندی کر کے مغویوں کی بحفاظت بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔

(03)

دار بننے کی کوششوں کے باوجود مودی کواڈ اجلاس میں امریکی صدر سے براہ راست ملاقات یقینی نہ بنا سکا۔ جون 2026 میں جی سیون سربراہی اجلاس کے بعد سے بھارتی وزیر اعظم کی امریکی صدر ٹرمپ سے ملاقات نہیں ہوئی۔ بھارتی جریدہ دی ویک کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کے بھارت آنے پر آمادہ نہ ہونے کے باعث کواڈ سربراہی اجلاس بھارت کے بجائے فلپائن میں منعقد کیا گیا۔ امریکہ بھارت تعلقات میں سرد مہری پر بھارت کی غیر واضح خارجہ پالیسی، روسی تیل کی خریداری سمیت تجارتی، ٹیرف اور ویزا پابندیوں جیسے عوامل اثر انداز ہوئے ہیں۔

(04)

کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ الیکشن کمیشن میں سماعت سے متعلق سوال کے بارے میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ گوجرانوالہ ان کا آبائی شہر ہے اور وہ ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری کی دعوت پر وہاں گئے تھے، اس تقریب میں کوئی انتخابی امیدوار موجود نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ دعوت ریکارڈ پر موجود تھی جو الیکشن شیڈول سے پہلے موصول ہوئی تھی، ڈسٹرکٹ بار کے جنرل سیکرٹری ان کے کولیگ بھی ہیں۔ صوبوں کے قیام سے متعلق سوال کے جواب میں وفاقی وزیر نے کہا کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہئے، اگر عوامی رائے صوبوں کے قیام کے حق میں ہو تو نئے صوبے بنا دینے چاہئیں، مخالفت میں ہو تو نہیں بنانے چاہئیں، عوامی رائے سامنے لانے کا راستہ ہموار کیا جانا چاہئے اور فیصلے عوامی رائے کے مطابق ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ریفرنڈم کرانے میں کوئی حرج نہیں، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی رائے سامنے آنے دیں، اس کے بعد ہی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی صدر مملکت سے بھی ملاقات ہوئی ہے جس میں معاملات پر تبادلہ خیال اور افہام و تفہیم کے ساتھ آگے بڑھنے کے امور زیر غور آئے۔

(05)

ہیں، حوثی ملیشیا کے حملے بند کئے جائیں۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ ریاض میں کنگ عبداللہ فنانشل ڈسٹرکٹ کے ٹاور کو نشانہ بنانا سعودی عرب کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہے، شہری تنصیبات اور اقتصادی مراکز کو نشانہ بنانا بے گناہ انسانی جانوں کے لئے خطرہ ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ایسے قابل مذمت حملے علاقائی امن و سلامتی کے لئے سنگین خطرہ ہیں، پاکستان حوثی ملیشیا کے حملے فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے کہا گیا کہ پاکستان سعودی عرب کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، پاکستان سعودی عرب کے خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ سعودی شہریوں اور مقیم افراد کے تحفظ کیلئے مملکت کے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں، پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے قیام کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

(06)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بنکاک میں سیو دی چلڈرن کے زیر اہتمام پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتوں، پارلیمانوں اور کثیر الجہتی ترقیاتی بینکوں کو چاہیے کہ وہ اپنے مالیاتی وسائل اور عوامی اخراجات کو بچوں کے حقوق سے ہم آہنگ کریں تاکہ بچوں کی فلاح و بہبود سے متعلق وعدوں کو قابلِ پیمائش اور مؤثر سرمایہ کاری میں تبدیل کیا جا سکے۔ خطاب کے آغاز میں چیئرمین سینیٹ نے سیو دی چلڈرن انٹرنیشنل اور اس کے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بنکاک میں اس اہم علاقائی مکالمے کا انعقاد محض تبادلہ خیال تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقصد خطے کے مالیاتی وسائل کو بچوں کے حقوق اور ان کی بہتر زندگی کے لیے بروئے کار لانے کے حوالے سے مشترکہ حکمت عملی وضع کرنا ہے۔ ایشیا کے بچوں کو ترقی کے ثمرات سے محروم نہیں رہنا چاہیے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ایشیا اور بحرالکاہل کا خطہ ایک ارب سے زائد بچوں کا مسکن ہے اور عالمی معاشی ترقی میں اس خطے کا حصہ تقریباً 60 فیصد ہے۔ تاہم خطے کے مستقبل کا تعین صرف مجموعی قومی پیداوار (GDP) سے نہیں بلکہ آج بچوں کی صحت، تعلیم اور فلاح و بہبود کے لیے مختص کیے جانے والے وسائل سے ہوگا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ لاکھوں بچے پہلے ہی بڑھتی ہوئی معاشی ناہمواری، مالیاتی دباؤ، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات، سپلائی چین میں رکاوٹوں اور ترقیاتی معاونت میں تبدیلیوں سے متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب مالیاتی وسائل محدود ہوں تو سماجی شعبے کے اخراجات کو کبھی بھی ثانوی ترجیح نہیں بنانا چاہیے۔ پاکستان میں بچوں کی فلاح و بہبود کو ترجیح دی جا رہی ہے پاکستان کی پیش رفت کا ذکر کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ 2016ء میں پاکستان کی پارلیمان نے پائیدار ترقی کے اہداف (SDGs) کو اپنایا، جس کے بعد بجٹ میں صحت اور تعلیم سمیت بچوں کے مستقبل سے براہ راست متعلقہ اہم شعبوں کے لیے وسائل کی فراہمی کو ان اہداف سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔

(07)

کو جلد از جلد پابندیوں کی فہرست میں شامل کیا جائے۔ اقوام متحدہ میں چین کے قائم مقام مستقل مندوب سن لی نے سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان میں حالیہ خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس کارروائی میں عام شہری جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ سن لی نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرے، عالمی دہشتگردی کا خطرہ بدستور پیچیدہ اور سنگین ہے، دہشتگرد تنظیمیں اپنی کارروائیوں کی صلاحیت بڑھا رہی ہیں اور علاقائی تنازعات سے فائدہ اٹھا کر اپنا اثر و رسوخ پھیلا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف مؤثر عالمی حکمت عملی کے لئے دوٹوک موقف، عدم برداشت اور بین الاقوامی تعاون ناگزیر ہے، افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہ نہ صرف اس ملک بلکہ اس کے پڑوسی ممالک کی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ داعش خراسان (آئی ایس) کے سرحد پار حملوں کے لیے اپنی صلاحیت اور سرگرمیاں بڑھا رہی ہے، سن لی نے طالبان حکومت پر زور دیا کہ وہ دہشتگردی کے خلاف اپنے وعدوں کی پاسداری کرے اور افغانستان میں موجود تمام دہشتگرد گروہوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، جن میں سلامتی کونسل کی قرارداد 1267 کے تحت پابندیوں کی فہرست میں شامل افراد اور تنظیمیں بھی شامل ہیں۔ چینی مندوب نے کہا کہ افغانستان کو دوبارہ دہشت گردوں کی محفوظ پناہ گاہ بننے سے روکنے کیلئے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، دہشتگردی کی بنیادی وجوہات کے خاتمے کے لئے عالمی برادری کو افغانستان کی معیشت کی بحالی اور عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرنی چاہئے۔ انہوں نے وسطی ایشیائی ممالک، علاقائی تنظیموں، خصوصاً شنگھائی تعاون تنظیم اور افغانستان کے درمیان تعاون بڑھانے پر بھی زور دیا تاکہ سرحد پار دہشتگردی کے خطرات کا مشترکہ طور پر مقابلہ کیا جاسکے۔ سن لی نے خبردار کیا کہ دہشت گرد تنظیمیں اپنے مقاصد کے لئے انٹرنیٹ، مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور دیگر جدید ٹیکنالوجی کا بڑھتا ہوا استعمال کر رہی ہیں۔ ان ذرائع کو لوگوں کو تشدد پر اکسانے، نئے ارکان بھرتی کرنے، مالی وسائل جمع کرنے اور حملوں کی منصوبہ بندی کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی نگرانی، خطرات کے جائزے اور مؤثر ضابطہ کار کو مضبوط بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کو بھی ٹیکنالوجی، آلات، فنی معاونت، تربیت اور خفیہ معلومات کے تبادلے کے ذریعے دہشتگردی کے خلاف اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے میں مدد دی جانی چاہئے۔

(08)

کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائی گئی، جس میں میونسپل کارپوریشن کے چیف آفیسر احمد نواز جتک کی ٹیم اور ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔ کارروائی کے دوران ڈیرہ اللہ یار کے مختلف علاقوں اور اہم شاہراہوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ دکانوں کے سامنے رکھے گئے چھپرے، سندل اور تجاوزات کے لیے استعمال ہونے والا دیگر سامان بھی ضبط کر لیا گیا۔ یہ کارروائی استا محمد روڈ، قومی شاہراہ، ٹی چوک سمیت شہر کے مختلف اہم مقامات پر کی گئی، جہاں غیر قانونی تجاوزات کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ شہریوں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے کیے گئے اس اقدام کو عوامی حلقوں کی جانب سے سراہا گیا اور اسے شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے خاتمے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرانے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ اپنی دکانوں کے سامنے کسی بھی قسم کی غیر قانونی تجاوزات قائم نہ کریں اور نہ ہی فٹ پاتھوں، سڑکوں اور عوامی گزرگاہوں پر سامان رکھ کر شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تجاوزات کے باعث قومی شاہراہ اور دیگر اہم سڑکوں پر ٹریفک کی آمدورفت بری طرح متاثر ہو رہی ہے، جس سے نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مسافروں کو بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی راستوں اور شاہراہوں پر قبضہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ عملے کو بھی ہدایت کی کہ تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ شہر کو تجاوزات سے پاک کر کے ٹریفک کی روانی اور شہریوں کی آمدورفت کو بہتر بنایا جا سکے۔

(09)

نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کے والد صدر مملکت ہیں اور ان کی جماعت وفاق میں اتحادی ہے، دو صوبائی حکومتیں ان کے پاس ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ اگر بلاول بھٹو زرداری کسی کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں تو وہ حکومت میں ہیں کچھ کریں، میں ہر اس بات کی حمایت کروں گا جس کی حمایت عوام کرتے ہیں، سوال یہ ہے کہ نئے صوبوں کا خاکہ کیا ہوگا، اور کیا نئے صوبے بننے سے پرانے رہیں گے یا نہیں؟ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ نئے صوبوں کا خاکہ کیا ہوگا یہ معمولی بات نہیں ہے، چہرے بدلنے سے بات نہیں بنے گی بلکہ عوام کی رائے کا احترام کریں، جس دن آئین قانون کے مطابق ملک چلے گا تو ملک ترقی کرے گا، نواز شریف چپ نہیں ہیں، ان کے بھائی شہباز شریف اور بیٹی مریم نواز اقتدار میں ہیں، آدمی خود نہیں بولتا بلکہ اس کا عمل بولتا ہے

(10)

کی جانب سے تاخیر سے اطلاع موصول ہونے کے بعد جمعرات 19 نومبر کو متحدہ عرب امارات کے مقامی وقت کے مطابق رات 2 بج کر 30 منٹ پر واقعے کا الرٹ جاری کیا گیا۔ ادارے کے مطابق جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ ہیں اور ان کی موجودگی کی تصدیق کر لی گئی ہے۔ تاہم جہاز کو پہنچنے والے نقصان کی نوعیت اور سمندر میں تیل یا دیگر

دعوت پر فورم میں شرکت کی، جہاں یورپی پارلیمنٹ آمد پر ان کا ریڈ کارپٹ استقبال کیا گیا۔ فورم کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے بتایا کہ گزشتہ سات دہائیوں کے دوران پاکستان کے تقریباً دو لاکھ سینتیس ہزار فوجی اور دیگر اہلکار اقوام متحدہ کے اڑتالیس امن مشنز میں خدمات انجام

پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور دونوں لاشوں کو تحویل میں لے کر ضابطے کی کارروائی کے لیے سول ہسپتال حب منتقل کر دیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ تاحال میاں بیوی کی ہلاکت کی اصل وجہ معلوم نہیں ہو سکی ہے۔ واقعے کے محرکات اور موت کی حتمی وجوہات پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد ہی

وجہ سے تیسری وقت کو مداخلت اور مقام حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ کوئٹہ میں جدید ٹرانسپورٹ کی سہولیات کے متعلق کچھ تحریر کرا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے۔ سب کو تسلیم کرنا ہوگا۔ کہ کوئٹہ شہر کی ترقی انفراسٹرکچر۔ سڑکوں کی تعمیر بالخصوص جدید اور معیاری سہولیات کی فراہمی میں موجودہ صوبائی نے

01

کمیٹی ہادیہ نواز بزانی، ننجے کمار اور صفیہ بی بی نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان رائٹ ٹو انفارمیشن (ترمیمی) بل 2026 کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سابق سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے بل کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس قانون کا بنیادی مقصد عوام کو بروقت معلومات کی فراہمی یقینی بنانا ہے، جبکہ معلومات فراہم نہ کیے جانے کی صورت میں عوام متعلقہ کمیشن سے رجوع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کمیشن کی تشکیل اور اس کے قانونی کردار پر بھی روشنی ڈالی۔ چیئرمین کمیٹی رحمت صالح بلوچ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قانون ساز اسمبلیوں کی قائمہ کمیٹیاں وہ حقیقی فورمز ہیں جہاں قانون سازی اور عوامی مفاد سے متعلق امور پر تفصیلی بحث و غور کیا جاتا ہے، اور ایسے معاملات کا جائزہ لیا جاتا ہے جن پر ایوان میں تفصیلی گفتگو ممکن نہیں ہوتی۔ چیئرمین کمیٹی نے مزید کہا کہ آئین پاکستان عوام کو معلومات تک رسائی کا حق فراہم کرتا ہے، تاہم جو معلومات قانون کے تحت خفیہ اور مستثنیٰ قرار دی گئی ہیں، ان کی رازداری کو برقرار رکھنا بھی ضروری ہے۔ اجلاس میں بل کے تحت انفارمیشن کمیشن کی تشکیل، ارکان کی اہلیت، تجربے اور پیشہ ورانہ قابلیت سے متعلق مختلف پہلوؤں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ کمیشن کے پانچ ارکان میں سے تین کا تعلق متعلقہ پیشہ ورانہ شعبوں سے ہونا چاہیے تاکہ کمیشن کی کارکردگی اور موثریت کو بہتر بنایا جا سکے۔ اجلاس میں سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سابق سیکرٹری اطلاعات عمران خان، اسپیشل سیکریٹری اسمبلی عبدالرحمن، ڈپٹی سیکرٹری قانون سعید اقبال، احسان برکت اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اختتام پر چیئرمین کمیٹی نے اراکین اور متعلقہ حکام کی شرکت اور تجاویز پران کا شکریہ ادا کیا۔

02

حکومت بلوچستان گوادر کے زیر نگرانی زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کے معیار اور منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کام کی سست رفتاری پر تشویش اور برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کی جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور انہیں مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں انہوں نے کہا کہ ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کی تکمیل سے گوادر کے عوام کو علاج معالجے کی بہتر اور جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ ہنگامی طبی خدمات اور مریضوں کو علاج کی فراہمی میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ صوبائی حکومت بلوچستان صحت عامہ کے شعبے کی بہتری اور عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، اس سلسلے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل انتہائی اہمیت کی حامل ہے دورہ کے موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر حفیظ بلوچ اور ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر یاسر طاہر بھی ان کے ہمراہ تھے، جنہوں نے ہسپتال کے انتظامی امور، طبی سہولیات اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان کو بریفنگ دی۔

03

ہیں۔ وفاقی وزیر سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے ترکیہ کی وزیر برائے خاندانی و سماجی خدمات محترمہ ماہ نور اوزدمیر گوکتاش (Göktaş Özdemir Mahinur) سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بچوں کے تحفظ، خاندانی فلاح و بہبود اور سماجی خدمات کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے فلپائن کی سابق صدر محترمہ گلوریا ماکاپاگل آرویو (Arroyo Macapagal Gloria) سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بچوں کے حقوق کے تحفظ، قانون سازی اور علاقائی سطح پر بہترین تجربات کے تبادلے سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔

04

یہ بات چین کے شہر شینزن میں ایشیا پیسیفک اکنامک کوآپریشن (ایپک) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں عالمی سطح پر معیشتوں میں مانیٹری پالیسی سخت کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

05

کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ زخمیوں کی دیکھ بھال کے لیے تمام دستیاب طبی وسائل بروئے کار لائے جائیں اور امدادی سرگرمیوں کو موثر انداز میں جاری رکھا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسانی جانوں کا تحفظ اور حادثات کے متاثرین کو بروقت طبی امداد کی فراہمی انتہائی اہم ہے، متعلقہ ادارے اس ضمن میں اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حادثے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

06

کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے تیار امریکی کمپنیاں کان کنی، پراسیسنگ اور ریفائننگ کے شعبوں میں عالمی معیار کی مہارت فراہم کریں گی۔ امریکی سرمایہ کاری سے پاکستانی شہریوں کے لئے روزگار اور تربیت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ترجمان کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے اور یہ شعبہ اس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ دوسری جانب امریکی میرینز کی 251 ویں سالگرہ بھی منائی گئی۔ امریکی سفارتخانے کے مطابق میرینز 1949 سے دنیا بھر میں امریکی سفارتی تنصیبات کے تحفظ کی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، اس موقع پر ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

07

ل کا رش دیکھا گیا، جن میں لڑکے اور لڑکیاں دونوں شامل تھیں۔ چھ رکنی کمیٹی امیدواروں کے انٹرویوز لے رہی ہے، جس میں ضلعی انتظامیہ خضدار کے نمائندے بھی شامل ہیں۔ کمیٹی کی جانب سے امیدواروں سے ان کی تعلیم، قابلیت اور متعلقہ آسامی سے متعلق سوالات کیے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اب تک 1000 سے زائد امیدوار انٹرویو دے چکے ہیں، جبکہ مزید دو دن میں سینکڑوں امیدوار انٹرویوز میں حصہ لیں گے۔ انٹرویوز کے اختتام کے بعد کامیاب امیدواروں کی فہرست جاری کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ بھرتی کا عمل مکمل طور پر صاف، شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی، ہر امیدوار کو برابر موقع دیا جائے گا اور حق صرف حقدار کو ملے گا۔ ضلعی انتظامیہ اس پورے عمل کی نگرانی کر رہی ہے تاکہ انصاف کو یقینی بنایا جا سکے۔ امیدواروں نے امید ظاہر کی ہے کہ اگر بھرتیاں میرٹ پر ہوئیں تو خضدار جیسے پسماندہ ضلع میں بے روزگاری میں کمی آئے گی اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

08

عام منعقد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید عارف، تحصیل اوتھل کے امیر شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد سعید، ضلعی نائب امیر مولانا عبدالرزاق گنگو اور تحصیل جنرل سیکرٹری امام بخش شاہوک سمیت دیگر رہنماؤں نے کی۔ ریلی قومی شاہراہ اور مین بازار سے ہوتی ہوئی کراچی بس اسٹاپ اوتھل پہنچی، جہاں یہ احتجاجی جلسے میں تبدیل ہو گئی۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جبکہ سیکیورٹی کے فرائض انصار الاسلام کے ضلعی سالار مولانا محمد رفیق عمرانی، تحصیل سالار مولانا عبدالاحد عادل اور دیگر رضاکاران نے انجام دیے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مولانا عبدالحمید عارف، مولانا مفتی محمد سعید، مولانا عبدالرزاق گنگو، امام بخش شاہوک اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات

مولانا حافظ حسین احمد مدنی سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ صوبے میں بدامنی کے واقعات میں اضافے، شاہراہوں کی غیر یقینی صورتحال اور تجارتی بارڈرز کی بندش نے عوامی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، جبکہ ساحل و وسائل کے استعمال اور روزگار کے مواقع پر تحفظات پائے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی تیل کی سپلائی پر پابندی سے مقامی روزگار متاثر ہوا ہے، جسے قانونی شکل دے کر بحال کیا جانا چاہیے۔ مقررین نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ کی مبینہ ڈرون نوچنگ، ان کے خاندان اور رفقا کے خلاف مقدمات و کارروائیوں اور علما و ائمہ کو نوٹسز جاری کیے جانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے جماعتی کارکنان کے عزم کو متزلزل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے ملک میں بڑھتی ہوئی بدامنی، مہنگائی اور معاشی دباؤ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں اور تاجروں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ آخر میں مقررین نے مطالبہ کیا کہ مہنگائی میں کمی اور ریلیف کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، زراعت کے شعبے اور کسانوں کو کھاد سمیت بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں، ایرانی تیل کے کاروبار کو قانونی حیثیت دی جائے اور سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔

09

سے 2026 کے دوران لواحقین کوٹے کی آڑ میں یہ بھرتیاں کیں۔ اطلاعات کے مطابق اس تمام عمل میں موجودہ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کو مبینہ طور پر لاعلم رکھا گیا؛ نہ تو اسامیوں کے لیے کوئی اشتہار شائع کیا گیا، نہ کھلے مقابلے کا شفاف طریقہ کار اختیار کیا گیا اور نہ ہی مجاز حکام کی باضابطہ منظوری کا کوئی واضح ریکارڈ سامنے آیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بعض افسران اور اہلکاروں پر اپنے من پسند افراد اور قریبی رشتہ داروں کو نوازنے کے الزامات بھی عائد کیے جا رہے ہیں۔ اس معاملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عوامی و سماجی حلقوں نے موقف اختیار کیا ہے کہ غریب والدین اپنی جمع پونجی بچوں کی تعلیم پر خرچ کرتے ہیں اور نوجوان برسوں ملازمتوں کے اشتہارات کا انتظار کرتے ہیں، ایسے میں اگر سرکاری اداروں میں بھرتیاں میرٹ کے بجائے سفارش اور ذاتی تعلقات کی بنیاد پر کی جائیں تو عام نوجوانوں کی حق تلفی ہوتی ہے۔ مبصرین کے مطابق یہ معاملہ سرکاری اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال، اقربا پروری اور قومی خزانے پر اضافی مالی بوجھ ڈالنے کے مترادف ہے۔ حیران کن امر یہ بھی سامنے آیا ہے کہ مبینہ طور پر خاکروب (سینٹری ورکرز) کے کوٹے پر بھی بھرتیاں کی گئی ہیں، حالانکہ شہر کی صفائی کا نظام پہلے ہی ایک نجی کمپنی کے سپرد کیا جا چکا ہے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ 2010 سے اب تک ہونے والی تمام تقرریوں، اشتہارات، سلیکشن کمیٹیوں اور منظور شدہ اسامیوں کا مکمل ریکارڈ فوری طور پر طلب کر کے شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور بے ضابطگیوں میں ملوث ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔

10

آ جائے تو بھی ایران کے ساتھ ہونے والا معاہدہ ختم نہیں ہونا چاہیے۔ ان کے بقول وہ ایسا سمجھوتا چاہتے ہیں جو آنے والی امریکی حکومتوں کے لیے بھی قابل عمل رہے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ امریکی فوج اس وقت تک ایران میں موجود رہے گی جب تک ایسا معاہدہ حاصل نہیں ہو جاتا۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی نہ کسی طریقے سے ہم اس معاملے کو مکمل طور پر ختم کر دیں گے۔ امریکی صدر نے دعویٰ کیا کہ ایران کی صورت حال اچھی نہیں اور اس کی فوجی صلاحیتوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ ٹرمپ کے مطابق ایران کی قیادت، بحری جہاز اور طیارے ختم ہو چکے ہیں۔ ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ کیا ایران کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کرنا غلطی تھی؟ اس پر انہوں نے کہا کہ یہ کوئی غلطی نہیں تھی، بلکہ اس عرصے کے دوران امریکا کو ایران کو بہتر طور پر سمجھنے کا موقع ملا۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اس عمل سے امریکا کو یہ جاننے میں مدد ملی کہ ایران پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اگر انہیں دوبارہ ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کا فیصلہ کرنا پڑا تو وہ ایسا کرنے سے گریز نہیں کریں گے۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اس جنگ کے سیاسی اثرات مرتب ہوئے، تاہم ان کا کہنا تھا کہ قومی فیصلے سیاسی مفادات کو سامنے رکھ کر نہیں کیے جاتے۔ ان سے پوچھا گیا کہ اگر جنگ کا فیصلہ دوبارہ کرنا پڑے تو کیا وہ پھر بھی یہی راستہ اختیار کریں گے؟ اس پر امریکی صدر نے جواب دیا کہ وہ یقیناً دوبارہ ایسا ہی کریں گے۔ صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کے حصول یا تیاری کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران گیسوں اور حیاتیاتی ہتھیاروں پر غور کر رہا ہے، تاہم اپنے اس الزام کے حق میں کوئی شواہد پیش نہیں کیے۔ امریکی صدر کے مطابق امریکا کے حملوں نے ایران کے لیے جوہری صلاحیتوں کے حصول کی کوششیں مشکل بنا دی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ایران کے ساتھ تنازع امریکا نے شروع نہیں کیا بلکہ یہ جنگ 51 سال پہلے شروع ہوئی تھی۔ ٹرمپ سے پوچھا گیا کہ کیا واشنگٹن ڈی سی کے شہریوں کو ایران کی جانب سے ممکنہ حملے کے بارے میں فکر مند ہونا چاہیے؟ اس پر انہوں نے کہا کہ فی الحال انہیں ایسے کسی حملے کا خدشہ نہیں، تاہم اگر ایسا واقعہ پیش آیا تو امریکا انتہائی سخت جواب دے گا۔ انہوں نے دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایران نے حملہ کیا تو امریکا اسے مکمل طور پر تباہ کر دے گا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا یہ باقاعدہ وعدہ ہے تو ٹرمپ نے جواب دیا کہ وہ اس کی ضمانت دیتے ہیں۔

11

کی بدترین صورتحال اور مختلف کلیوں کے مرکزی راستوں کی بندش کے خلاف کیا گیا۔ سراوان پریس کلب کے سامنے منعقدہ احتجاجی مظاہرے سے جمعیت علما اسلام کے ضلعی امیر مولانا شبیر احمد عثمانی، نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر سکندر خان ملازئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر حاجی محمد انور مینگل، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر حافظ خالد الرحمن، پی ٹی آئی رہنما نوروز خان، جمعیت علما پاکستان کے رہنما مولانا مشتاق احمد، جمعیت علما اسلام کے رہنما مولانا عصمت عزیز اور دیگر سیاسی و سماجی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے صوبے میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال، عوامی مشکلات اور حکومتی کارکردگی پر شدید تنقید کی۔ مقررین نے کہا کہ صوبے میں بدامنی کے واقعات میں اضافے، قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹروں اور مال بردار گاڑیوں کو نشانہ بنانے، بھتہ خوری، اغوا اور دیگر واقعات نے کاروباری سرگرمیوں، تجارت، ٹرانسپورٹ اور عوامی زندگی کو شدید متاثر کر دیا ہے۔ قومی شاہراہوں پر مسافروں، ٹرانسپورٹروں اور تاجروں کو تحفظ حاصل نہیں، جبکہ خوف و ہراس کی فضا پیدا ہو چکی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ صوبائی حکومت تاجروں، ٹرانسپورٹروں اور عام شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ امن و امان کی صورتحال روز بروز خراب ہوتی جا رہی ہے، لیکن عوام کو تحفظ فراہم کرنے اور شاہراہوں کو محفوظ بنانے کے لیے موثر اقدامات نظر نہیں آ رہے، جس سے شہریوں اور کاروباری طبقے میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ مقررین نے مستونگ میں بجلی اور گیس کی صورتحال پر بھی سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شدید سردی کے موسم میں شہری بجلی اور گیس کی بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ گیس پریشر نہ ہونے کے باعث گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوام کو ایک طرف بدامنی اور عدم تحفظ کا سامنا ہے تو دوسری جانب بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے مختلف علاقوں کے مرکزی راستوں کو سیکیورٹی کے نام پر بند کرنے پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ راستوں کی بندش سے مقامی آبادی، مریضوں، طلبہ، کاروباری افراد اور دیگر شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ عوامی سہولت اور شہریوں کی بنیادی ضروریات کو نظر انداز کر کے کیے جانے والے اقدامات سے لوگوں کی پریشانیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ سیاسی و تاجر

رہنماؤں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ صوبے میں امن و امان کی بحالی، قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانے، بھتہ خوری اور اغوا کی وارداتوں کی روک تھام، ٹرانسپورٹروں اور تاجروں کو تحفظ فراہم کرنے، مستونگ میں بجلی و گیس کی فراہمی بہتر بنانے اور بند راستوں کو عوامی مفاد میں کھولنے کے لیے فوری اور سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کے بنیادی حقوق، جان و مال کے تحفظ اور روزمرہ زندگی کی بحالی کے لیے موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔

12

صحت کی سہولیات، عملے کی حاضری اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ عملے کو اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دینے کی ہدایت کی۔

13

آبادی بڑھنے کی رفتار عیسائیوں کے مقابلے میں زیادہ تیز رہنے کا امکان ہے۔ پیو ریسرچ سینٹر کے تخمینے کے مطابق 2035 میں دنیا بھر میں مسلمانوں کی تعداد تقریباً 2 ارب 57 کروڑ جبکہ عیسائیوں کی تعداد 2 ارب 52 کروڑ تک پہنچ سکتی ہے۔ تحقیق میں مسلمانوں کی آبادی میں اضافے کی بڑی وجوہات نسبتاً زیادہ شرح پیدائش اور نوجوان آبادی کو قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان مستقبل میں دنیا کی سب سے بڑی مسلم آبادی والا ملک بن سکتا ہے 2070 تک پاکستان کی مسلم آبادی تقریباً 46 کروڑ تک پہنچنے کا امکان ہے، جس کے نتیجے میں پاکستان انڈونیشیا کو پیچھے چھوڑ سکتا ہے۔ دوسری جانب پیو ریسرچ سینٹر کی رپورٹ میں کانگو کے امریکا کو پیچھے چھوڑ کر دنیا کی سب سے زیادہ عیسائی آبادی والا ملک بننے کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔

14

میں محکمہ کی ٹیم انسداد منشیات مہم میں سرگرم عمل ہے تفصیلات کے مطابق صوبائی حکومت کی ہدایات اور منشیات کے خاتمے کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول نے منشیات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی نقل و حمل کے سدباب کے لیے عملی اقدامات تیز کر دیے ہیں۔ قومی شاہراہ پر مشکوک گاڑیوں کی نگرانی، چیکنگ اور منشیات کی ترسیل روکنے کے لیے محکمہ کی ٹیمیں متحرک ہیں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جاوید بلوچ کی نگرانی میں جاری کارروائیاں محکمہ کی پیشہ ورانہ صلاحیت، فرض شناسی اور منشیات کے خلاف موثر حکمت عملی کا مظہر ہیں۔ قومی شاہراہ پر چیکنگ کے دوران منشیات کی بھاری مقدار کی برآمدگی سے متعلق کارروائیاں بھی انسداد منشیات مہم کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی جانب سے منشیات کی غیر قانونی ترسیل میں ملوث عناصر کی روک تھام کے لیے نگرانی کے نظام کو موثر بنانے اور قانون کے مطابق کارروائیوں کو جاری رکھنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ان اقدامات کا بنیادی مقصد منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو اس تباہ کن لعنت سے محفوظ رکھنا ہے عوامی و سماجی حلقوں نے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی انسداد منشیات کارروائیوں کو سراہتے ہوئے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جاوید بلوچ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو قابل تحسین قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف بلاامتیاز، مستقل اور موثر کارروائیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ محکمہ ایکسائز مستقبل میں بھی اسی جذبے اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ منشیات فروشوں اور اسمگلروں کے خلاف اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

15

کے انتقال کو ادارے کے لیے ناقابل تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے سوگوار خاندان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ادارے نے مرحوم کی دوران ملازمت خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے یاد رکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

16

فوجی کارروائی شروع کر دی، اسرائیلی ٹینک اور بلڈوزر البریج اور النصیرات کیمپوں کے شمال مغربی علاقوں کی جانب پیش قدمی کر رہے ہیں۔ غزہ کی پٹی کے وسطی علاقے المغراقہ میں اسرائیلی فضائی حملے میں کم از کم ایک فلسطینی شہید جبکہ متعدد زخمی ہو گئے۔ حماس کا کہنا ہے کہ غزہ میں اسرائیل کا فوجی آپریشن بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے، فلسطینی مزاحمتی تنظیم اسلامی جہاد نے کہا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی فوجی آپریشن جنگ بندی کو سبوتاژ کرنے کا اسرائیل کا خطرناک منصوبہ ہے، اسرائیلی جارحیت کی ذمہ داری امریکا اور غزہ امن بورڈ پر ہے۔ عینی شاہدین نے بی بی سی کو بتایا کہ اسرائیلی فوج نے المغراقہ، وادی غزہ پل، الدعوہ محلہ اور صلاح الدین روڈ کے مشرقی علاقوں کی جانب پیش قدمی شروع کر دی ہے، جس کے باعث درجنوں خاندانوں نے علاقے سے نقل مکانی کی ہے۔ اس سے قبل مقامی آبادی اور وہاں موجود بے گھر افراد کو فوری طور پر علاقہ خالی کرنے کی ہدایت کی گئی تھی، اسرائیلی فوج نے غزہ کے مکینوں سے کہا ہے کہ کارروائی ختم ہونے کے باضابطہ اعلان تک وہ علاقے سے دور رہیں۔ ایک سال سے زیادہ عرصہ قبل جنگ بندی کے معاہدے کے اعلان کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ اسرائیلی فوج نے غزہ کے شہری علاقوں کے اندر فوجی کارروائی کا باضابطہ اعلان کیا ہے۔ دریں اثنا غزہ میں جنگ بندی برقرار رہنے کے امکانات کو خطرات لاحق ہو گئے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سربراہی میں قائم امن بورڈ کی رپورٹ میں اسرائیل اور حماس کو جنگ بندی سے متعلق وعدے پورے نہ کرنے کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امن بورڈ کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل اور حماس دونوں فریق جنگ بندی معاہدے کے تحت کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد میں ناکام رہے ہیں، جس کے باعث غزہ کے شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں معاہدے میں طے شدہ شرائط اور غزہ کی زمینی صورت حال کے درمیان فرق کو جنگ بندی کے لیے سب سے بڑا خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جنگ بندی کے باوجود شہریوں کو درپیش مشکلات اور معاہدے پر مکمل عمل درآمد نہ ہونا صورتحال کو مزید غیر یقینی بنا رہا ہے۔ جنگ بندی کے نفاذ کے 13 ماہ بعد تیار کی گئی یہ رپورٹ نومبر کے آخر میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں پیش کیے جانے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں نشاندہی کی گئی ہے کہ اگر جنگ بندی معاہدے پر موثر طریقے سے عمل درآمد نہ ہوا تو غزہ میں جنگ بندی برقرار رکھنا مشکل ہو سکتا ہے، جس سے خطے میں ایک بار پھر کشیدگی بڑھنے کا خدشہ ہے۔

17

یا نیا صوبہ بنانے کا یکطرفہ اختیار حاصل نہیں، اس کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری ضروری ہے۔ سعدیہ جاوید نے مزید کہا کہ 1973 کے آئین کا حوالہ دینے والے آرٹیکل 239 کی شق 4 بھی پڑھ لیں، جس کے تحت کسی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی دو تہائی اکثریت سے منظوری لازمی ہے۔ ان کے بقول وفاقی حکومت یکطرفہ طور پر سندھ کو تقسیم نہیں کر سکتی۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ تقسیم ہند سے قبل کی میونسپل کمیٹیوں کے اعداد و شمار پیش کر کے سندھ کی تاریخی وحدت کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ تبادلہ آبادی کی بنیاد پر سندھ کی سرزمین پر الگ حق جتانا تنگ نظری اور تعصب ہے، کیونکہ صوبے محض آبادی کے اعداد و شمار سے نہیں بلکہ صدیوں پرانی تہذیبی جڑوں سے بنتے ہیں۔ سعدیہ جاوید نے مردم شماری کے معاملے پر ایم کیو ایم کے موقف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ مردم شماری کے نتائج اسی کی اتحادی وفاقی حکومت نے منظور کیے تھے، اب انہی نتائج پر اعتراض کرنا سیاسی منافقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی تاریخی اور تہذیبی

شناخت کو انتظامی یا آبادی کے اعداد و شمار کی بنیاد پر چیلنج نہیں کیا جا سکتا اور ملک کی تاریخی وحدت کو لغزی لکیروں میں تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ دریں اثنا سندھ حکومت کی ایک اور ترجمان سمیتا افضال سید نے وفاقی وزیر خالد مقبول صدیقی کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی قیادت اور بھٹو خاندان کے خلاف ذاتی نوعیت کی زبان استعمال کرنا سیاسی اور فکری پستی کی علامت ہے۔ ایم کیو ایم سندھ کے شہری اور دیہی عوام کے درمیان اختلافات پیدا کرنے کی کوششیں بند کرے۔ سمیتا افضال سید نے خالد مقبول صدیقی پر بھارتی خفیہ ایجنسی را سے تعلق کے الزامات دہراتے ہوئے دعویٰ کیا کہ ان کی اپنی جماعت کے رہنما مصطفیٰ کمال بھی انہیں را کا ایجنٹ قرار دے چکے ہیں۔ انہوں نے بھارتی پاسپورٹ پر سفر کرنے سے متعلق بھی الزامات عائد کیے اور کہا کہ ایسے افراد آج حب الوطنی، آئین اور قومی یکجہتی کا درس دے رہے ہیں۔ ترجمان سندھ حکومت نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ملک کو آئین دیا، ایٹمی طاقت بنایا، میزائل ٹیکنالوجی فراہم کی اور عوام کو گھر اور روزگار دیا۔ ان کے بقول پیپلز پارٹی نے ملک کو لسانی بنیادوں پر قتل و غارت اور معاشی تباہی سے دوچار نہیں کیا۔ انہوں نے خالد مقبول صدیقی سے سوال کیا کہ 1984 سے 2013 تک کراچی میں زبان کی بنیاد پر ہونے والی خونریزی کا ذمہ دار کون تھا؟ کراچی آپریشن میں حصہ لینے والے 248 پولیس اہلکاروں کو کس نے قتل کیا اور کئی دہائیوں تک بے گناہ شہریوں کے قتل اور یتیم ہونے والے بچوں کا حساب کون دے گا؟ سمیتا افضال سید نے کراچی میں بھتہ خوری، ٹارگٹ کلنگ اور قربانی کی کھالوں کے معاملے پر بھی ایم کیو ایم کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کے عوام لسانی سیاست، تشدد اور خوف کی فضا کی بھاری قیمت ادا کر چکے ہیں، اس لیے لوگوں کو ایک دوسرے کے خلاف کرنے کی کوششیں بند ہونی چاہئیں۔ ترجمان سندھ حکومت نے سوال اٹھایا کہ ایم کیو ایم نے وفاقی حکومت میں شامل رہ کر سندھ کے شہری علاقوں کے لیے کیا حاصل کیا؟ کیا شہری علاقوں کے مسائل کا حل نئے صوبے کا مطالبہ کرنا ہے؟

18

حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، جمعیت قیادت کو کوئی بھی نقصان پہنچا تو حکمران ذمہ دار ہوں گے۔ ترجمان جے یو آئی نے کہا کہ قائد جمعیت کے پرسنل سیکرٹری مفتی ابرار اور ان کی پوری فیملی کے خلاف جھوٹی ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ ترجمان جے یو آئی، رات گئے مفتی ابرار کی گرفتاری کی آڑ میں اسلام آباد میں جگہ جگہ چھاپے مارے گئے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکمران بتائیں کہ جے یو آئی رہنماؤں اور کارکنوں کیخلاف کیوں کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے؟ حکمران جو بیج رہے ہیں کل ان کو کاٹنا ہوگا، کارکن الرٹ رہیں، قائد جمعیت کے تحفظ کے لیے کسی بھی وقت کال دی جا سکتی ہے۔

19

گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے جنرل منیجر راحیل ملک کو طلب کر کے صوبے بالخصوص کوئٹہ میں بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور عوامی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اراکین صوبائی اسمبلی علی مدد جتک، ہادیہ نواز بزانی، فرح عظیم شاہ، سلمی بی بی، کلثوم نیاز بلوچ، شاہدہ رف، زرک خان مندوخیل، ملک نعیم خان بازئی، لیاقت علی لہڑی، صفیہ بی بی اور محمد خان لہڑی نے شرکت کی۔ اراکین نے شدید سرد موسم میں بلوچستان میں بجلی و گیس کی عدم دستیابی اور ایس ڈی پی فنڈز کے اجرا کے باوجود توانائی اسکیموں کی عدم تکمیل پر برہمی کا اظہار کیا، جبکہ بعض علاقوں کے ایس ڈی اوز کی جانب سے عوامی نمائندوں کے فون وصول نہ کرنے کی بھی شکایت کی۔ اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چند نادہندہ صارفین کی سزا پورے علاقے کو بجلی سے محروم کر کے نہیں دی جا سکتی، لہٰذا کم از کم شہری علاقوں میں زیرو لوڈشیڈنگ یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے چمن کی ایک غریب خاتون کو دو پنکھوں اور تین بلبوں پر 57 ہزار روپے کا بل بھجوانے کا حوالہ دیتے ہوئے بلنگ نظام میں بے ضابطگیوں پر تشویش ظاہر کی اور استفسار کیا کہ 27 ہزار زرعی ٹیوب ویلز کی سولر سسٹم پر منتقلی کے باوجود بجلی کی قلت برقرار رہنے کی کیا وجوہات ہیں؟ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے چیف کیسکو مجیب مری نے بجلی چوری اور سرکاری محکموں کے ذمے واجب الادا بلز کو بنیادی مسائل قرار دیا اور یقین دہانی کرائی کہ جن علاقوں میں بجلی چوری نہیں ہوتی وہاں حتی الامکان 100 فیصد بجلی فراہم کی جائے گی۔ دوسری جانب جی ایم سوئی سدرن گیس راحیل ملک نے خطے کی صورتحال، گیس چوری، پائپ لائنوں کو نقصان اور بعض اضلاع میں بوزرز کے ذریعے گیس کی ترسیل میں درپیش سیکیورٹی مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے شکایات کے فوری ازالے کے لیے علاقائی فوکل پرسنز نامزد کرنے کی تجویز دی۔ اجلاس کے اختتام پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے ہدایت کی کہ صوبائی محکموں کے ذمے واجب الادا بجلی کے بلوں کی مکمل فہرست مرتب کی جائے تاکہ ادائیگی کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے معاملہ اٹھایا جا سکے، جبکہ عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے متعلقہ اداروں کی کارکردگی کی نگرانی جاری رکھی جائے گی۔

20

کا نتائج بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں لہٰذا حکومت فوری مستعفی ہو اور ملک میں صاف و شفاف انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کسی نئی لڑائی کا حصہ نہیں بنے گی، موجودہ حالات میں پی ٹی آئی سیاسی اسپیس لینے کے لیے حکمت عملی بنائے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پی پی پی اور وزرا کے بیانات کھٹ پتلی تماشہ لگ رہا ہے، فی الحال تماشا ہی دیکھیں گے، پاکستان مشکل میں ہے سب ہوش کے ناخن لیں۔ بہت ہو گیا عمران خان سمیت پی ٹی آئی اسیران کو ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام سے ملک کو کوئی نقصان نہیں ہوگا بلکہ چھوٹے یونٹ بہت بہتر پرفارم کریں گے۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ نواز شریف نے بڑی تاخیر سے انٹری کی لیکن بہت کچھ بدل چکا ہے، آپ کو نہیں معلوم مہنگائی، بے روزگاری اور قرضوں میں تاریخی اضافہ کی ذمے دار ن لیگ حکومت ہے۔

21

امتحان، تیاری کے موثر طریقہ کار اور مستقبل میں کامیابی کے حوالے سے تفصیلی لیکچر دیا۔ ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے بھی سیشن میں خصوصی شرکت کی اور طلباء و طالبات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں اعلیٰ تعلیم اور مقابلے کے امتحانات کی تیاری کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ سیشن کے دوران ایس ایس پی سیوی عبدالحمید نے اپنے سی ایس ایس کے سفر اور کامیابی کے تجربات طلباء و طالبات کے ساتھ شیئر کیے اور انہیں بتایا کہ مقابلے کے امتحان میں کامیابی کے لیے مستقل مزاجی، محنت، مطالعے کی عادت اور درست سمت میں تیاری بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ طلباء و طالبات کو انٹرمیڈیٹ ہی سے سی ایس ایس کی تیاری کا آغاز کرنا چاہیے، اسکالرشپس کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے اور بہتر تعلیمی اداروں اور اچھی یونیورسٹیوں میں داخلہ لے کر اپنی تعلیمی قابلیت کو مزید بہتر بنانا چاہیے۔ انہوں نے طلباء و طالبات کو سی ایس ایس امتحان کی تیاری کے مختلف مراحل، مطالعے کے طریقہ کار اور مستقبل کے تعلیمی و پیشہ ورانہ لائحہ عمل کے حوالے سے بھی رہنمائی فراہم کی۔ اس موقع پر طلباء و طالبات نے مختلف سوالات کیے جن کے ایس ایس پی عبدالحمید نے تفصیلی جوابات دیتے ہوئے ان کی رہنمائی کی۔ ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی نے اس طرح کے رہنمائی سیشنز کو نوجوان نسل کے لیے مفید قرار دیتے ہوئے کہا کہ طلباء و طالبات کو اعلیٰ تعلیم اور مقابلے کے امتحانات کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ واضح رہے کہ ایس ایس پی سیوی عبدالحمید سی ایس ایس امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کر کے ٹاپ پوزیشن حاصل کر چکے ہیں۔ ان کا تجربہ اور رہنمائی نوجوانوں کے لیے ایک موثر مثال اور حوصلہ افزائی کا ذریعہ ہے۔

22

چیف جسٹس پاکستان نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 23 نومبر کو طلب کرلیا

ہائیکورٹس ججز کی سالانہ کارکردگی جانچنے کے طریقہ کار کیلئے قواعد مرتب کرنے پر غور ہوگا

اسلام آباد (جی این ایم) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے اگلے ہفتے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس طلب کرلیا۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن اجلاس 23 نومبر کو ہوگا، اجلاس سپریم کورٹ اسلام آباد میں دوپہر ڈھائی بجے منعقد ہوگا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 46)

اداروں کی کارکردگی جانچنے کیلئے نظام تشکیل پاچکا، وزیراعظم

،اہداف میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، شہباز شریف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پی ایم او ایس کی شکل میں وفاقی وزارتوں، ڈویژنز اور اداروں کی کارکردگی جانچنے کے حوالے سے انتہائی موثر نظام تشکیل پاچکا ہے، سسٹم کے تحت دیئے گئے اہداف اور ٹائم لائنز میں کسی قسم کی کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت پی ایم او ایس کے تحت وزارت قومی غذائی تحفظ (باقی صفحہ 3 نمبر 44)



کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی ملاقات کررہے ہیں

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک میں سرفہرست

ریاض (جی این ایم) مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے باوجود خلیجی ممالک محفوظ ترین ممالک کی فہرست میں سرفہرست ہیں۔ گیلپ سروے میں سعودی عرب رات کے وقت تنہا پیدل چلنے کے لئے محفوظ ترین ملک قرار دیا گیا، سعودی عرب میں 96 فیصد بالغ افراد نے خود کو محفوظ (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

بیوی کے قتل کا کیس: شوہر کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائی کورٹ نے بیوی کے قتل کے مقدمے میں شوہر کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ جسٹس وحید خان نے ملزم محمد ریاض عمر کی اپیل پر سماعت کی۔ لاہور ہائی کورٹ نے ملزم محمد ریاض عمر کی اپیل منظور کر لی۔ عدالت نے گواہوں کے بیانات میں تضاد ہونے کی بنیاد پر ملزم کو بری کردیا۔ لاہور ہائی کورٹ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ کیس کے 8 (باقی صفحہ 3 نمبر 42)



لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جامع مسجد منصورہ میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا تامسافر بس حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

حادثے کے زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تاجی چیک پوسٹ کے قریب مسافر کوچ اور ایل پی جی باؤزر کے درمیان پیش آنے والے ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کو ہدایت کی ہے کہ حادثے کے زخمیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

اعظم نذیر تارڑ کی منیلا میں عالمی وزارتی کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر اہم دوطرفہ ملاقاتیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے منیلا، فلپائن میں بچوں کے خلاف تشدد کے خاتمے سے متعلق دوسری عالمی وزارتی کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر مختلف عالمی رہنماؤں، وزراء اور بین الاقوامی اداروں کے اعلیٰ حکام سے اہم ملاقاتیں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کئی ممالک کو مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود میں اضافہ کرنا پڑسکتا ہے، آئی ایم ایف

شینژن (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے خبردار کیا ہے کہ توانائی کی فراہمی میں رکاوٹوں اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بڑھتی ہوئی طلب کے باعث عالمی مہنگائی کی شرح 4.7 فیصد تک پہنچ گئی ہے جبکہ کئی ممالک کو مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود میں اضافہ کرنا پڑسکتا ہے۔ برطانوی خبررساں ادارے کے مطابق آئی ایم ایف کی سربراہ کرسٹالینا جارجیوا نے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات کا اجلاس

رائٹ ٹو انفارمیشن ترمیمی بل 2026 کا تفصیلی جائزہ، کمیشن کے 5 میں سے 3 ارکان پیشہ ورانہ شعبوں سے لینے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات کا اجلاس کمیٹی روم میں چیئرمین کمیٹی رحمت صالح بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں اراکین (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ڈی جی صحت بلوچستان کا گوادر میں زیر تعمیر ٹراما سینٹر اور او پی ڈی بلاک کا دورہ

منصوبوں کی بروقت تکمیل سے گوادر کے عوام کو جدید اور بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی: ڈاکٹر امین مندوخیل

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل صحت بلوچستان ڈاکٹر امین خان مندوخیل نے میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں محکمہ مواصلات وتعمیرات، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



لندن: برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان سینٹ جیمز پیلس میں شاہ چارلس سوم کو اپنی اسناد پیش کررہے ہیں

امریکہ کا پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری و شراکت داری کے عزم کا اعادہ

اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون ٹرمپ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل، پاکستانی شہریوں کے لئے روزگار اور تربیت کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، ترجمان امریکی سفارت خانہ

پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے تیار امریکی کمپنیاں کان کنی، پراسیسنگ اور ریفائننگ کے شعبوں میں عالمی معیار کی مہارت فراہم کریں گی، کین ہیرلسن

اسلام آباد (جی این ایم) امریکا نے پاکستان کے معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری اور شراکت داری کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون ٹرمپ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے مختلف ملاقاتوں اور سرگرمیوں کے دوران کہا کہ امریکا پاکستان کے ساتھ مل کر اہم معدنیات کے شعبے میں موجود مواقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے تیار ہے، جس سے دونوں ممالک ترقی اور خوشحالی حاصل کرسکتے ہیں۔ امریکی سفارتخانے کے ترجمان کین ہیرلسن کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

بلاول کا بیان تضادات سے بھرپور، اتحاد کا حصہ ہیں، احسن اقبال

حکومتی فیصلوں کی ذمہ داری بھی قبول کریں، وفاقی وزیر ترقی و منصوبہ بندی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کا بیان تضادات سے بھرپور ہے، اتحادی حکومت میں شامل ہوکر حکومتی فیصلوں (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

کیسکو کی 2790 خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے خضدار میں واک اینڈ انٹرویو جاری

بھرتی کا عمل مکمل طور پر صاف، شفاف اور میرٹ کی بنیاد پر ہوگا، حق حقدار کو ملے گا: ڈپٹی کمشنر

خضدار (خ ن) کیسکو کی 2790 خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے خضدار میں واک اینڈ انٹرویو کا سلسلہ جاری ہے۔ پانچ روزہ انٹرویوز کا آج چوتھا روز تھا۔ ڈی سی کمپلیکس خضدار میں منعقدہ انٹرویوز ایس ای کیسکو کرم بخش بادینی ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کی نگرانی میں مختلف کیٹگریز کی آسامیوں کے لیے امیدواروں سے انٹرویو لیے گئے۔ انٹرویو سینٹر کے باہر صبح سے ہی امیدوارو (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



کوئٹہ، جمعیت بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق اور مفتی عالم گل مسلم اتحاد کالونی میں جلسہ دستار بندی سے خطاب کر رہے ہیں

حوثیوں کی سعودی عرب پر میزائل حملے کی کوشش ناکام، 4 بیلسٹک اور ایک کروز میزائل تباہ

میزائل کا ملبہ ایک رہائشی علاقے میں گرنے سے نقصانات کی تصدیق ہوئی ہے، جائزہ لیا جارہا ہے، سعودی اتحاد

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی عرب کیخلاف یمن کے حوثی ملیشیا کی ایک اور جارحیت، سعودی اتحاد نے جنوبی ریجن کی جانب داغے گئے چار بیلسٹک میزائل تباہ کردیئے، جبکہ حوثیوں کا ایک کروز میزائل بھی مار گرایا گیا۔ سعودی اتحاد کے مطابق حوثیوں نے ریاض کو نشانہ بنانے (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ایران پر مشترکہ حملوں کے لئے موساد چیف کا امریکا میں گٹھ جوڑ بے نقاب

ایران پر حملہ کرنے کا موقع تیزی سے ہاتھ سے نکل رہا ہے، اسرائیلی خفیہ ایجنسی کے سربراہ کی ٹرمپ کو قائل کرنے کی کوشش

واشنگٹن، لندن (جی این ایم) ایران پر مشترکہ حملوں کیلئے موساد چیف کا امریکا میں گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا، برطانوی خبر رساں ادارے نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے سربراہ رومن گوفمین نے گزشتہ ہفتے امریکی حکام کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

صوبوں کے آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے پر پابندی عائد

پہلے سے جاری آل پاکستان لائسنسوں کی بھی دوبارہ جانچ اور وفاقی توثیق لازمی قرار، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزارت داخلہ نے صوبوں کے آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے پر پابندی عائد کردی۔ وزارت داخلہ کے اعلامیہ کے مطابق آل پاکستان اسلحہ لائسنس جاری کرنے کا اختیار صرف وفاقی حکومت کے پاس ہے، صوبے اب صرف اپنی حدود میں اسلحہ لائسنس جاری کرسکیں گے۔ وزارت داخلہ نے پہلے سے جاری آل پاکستان لائسنسوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ، سینئر صحافی شاہد میتلا جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

درخواست ضمانت پر سماعت کل ہوگی، عدالت کی جانب سے فریقین کو نوٹسز جاری

کوئٹہ (جی این ایم) سینئر صحافی شاہد میتلا کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا، جبکہ ان کی درخواست ضمانت کی سماعت کل بروز جمعہ مقرر کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی جانب سے پیکا ایکٹ کے تحت دائر ہتک عزت کے مقدمے میں نامزد سینئر صحافی شاہد میتلا کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے آج کوئٹہ منتقل کیا، جہاں انہیں جوڈیشل (باقی صفحہ 3 نمبر 36)



میرانشاہ، فیلڈ مارشل سید عاصم میرانشاہ میں یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

رکن قومی سمبلی حمزہ شہباز سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات

پاک امریکا تعلقات، معاشی تعاون، علاقائی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) رکن قومی اسمبلی اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے امریکی سفارت خانے کی ناظم الامور نٹالی اے بیکر نے آج اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک امریکا دوطرفہ تعلقات، خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال، پاکستان کی معاشی صورتحال اور دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

شہباز شریف کی آسیان سیکرٹری جنرل سے ملاقات، اقتصادی تعاون پر تبادلہ خیال

وزیراعظم کا آسیان اور جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری مزید مستحکم کرنے کے عزم

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف سے آسیان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر کاؤکم ہورن نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور جنوب مشرقی ایشیائی ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعظم نے آسیان اور جنوب مشرقی ایشیائی خطے کے ساتھ پاکستان کی دیرینہ شراکت داری (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

وندر، پریس کلب وندر کا جمعیت علمائے اسلام تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان

صحافیوں کی پیشہ ورانہ ساکھ مجروح کرنے کی مبینہ کوشش پر باہمی مشاورت سے فیصلہ کیا گیا، تمام سرگرمیوں کی میڈیا کوریج معطل رہے گی

وندر (جی این ایم) پریس کلب وندر نے جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) تحصیل وندر کے مکمل بائیکاٹ کا اعلان کرتے ہوئے سب ڈویژن وندر میں جماعت کی تمام سیاسی، تنظیمی اور عوامی سرگرمیوں کی میڈیا کوریج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پریس کلب وندر کی جانب سے جاری کردہ باضابطہ اعلامیے کے مطابق یہ اقدام جمعیت علمائے اسلام وندر کے ایک ذمہ دار عہدیدار کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

گڈانی، وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ نے ہمیشہ عوامی حقوق کا دفاع اور حقیقی نمائندگی کی ہے، ملا نور بخش

علاقے کے اہم مسائل کے حل کے لیے ان کی خدمات قابل تحسین ہیں، عوام ان کے ہاتھ مضبوط کریں، بیان

گڈانی (جی این ایم) گڈانی کے سیاسی وسماجی رہنما ملا نور بخش ڈگارزئی نے کہا ہے کہ علاقے کی معروف سیاسی، سماجی وقبائلی شخصیت وڈیرہ عطاء اللہ بلوچ ضلع حب ولسبیلہ کی ایک قدآور شخصیت ہیں، جنہوں نے ہمیشہ اپنے لوگوں کے حقوق کا دفاع کیا اور ہر فورم پر جرات مندی کے ساتھ عوام کی حقیقی معنوں میں نمائندگی کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ملا نور بخش ڈگارزئی نے کہا کہ وڈیرہ (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

ٹرمپ کا ایران کے خلاف دوبارہ جنگ لڑنے کا اعلان، کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کا الزام

جب تک معاہدہ حاصل نہیں ہوجاتا، کسی نہ کسی طریقے سے ہم اس معاملے کو مکمل طور پر ختم کردیں گے، انٹرویو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ ایک ایسا دیرپا معاہدہ چاہتے ہیں جو مستقبل میں کسی کمزور امریکی صدر کے اقتدار میں آنے کے باوجود برقرار رہے، ایران کے ساتھ معاہدہ طے پانے تک امریکی فوجی ایران میں موجود رہیں گے۔ امریکی ٹی وی چینل فاکس نیوز کو انٹرویو میں ٹرمپ نے کہا کہ اگر امریکا میں کوئی کمزور صدر برسراقتدار (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

مستونگ، بدامنی اور بنیادی سہولیات کی قلت کے خلاف شٹر ڈاؤن ہڑتال و مظاہرہ

سراوان پریس کلب کے سامنے احتجاج، شاہراہوں کے تحفظ، گیس و بجلی بحالی اور راستے کھولنے کا مطالبہ

مستونگ (جی این ایم) آل پارٹیز اور تاجر تنظیموں کی مرکزی کال پر مستونگ میں بھی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی جبکہ سراوان پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا۔ احتجاج صوبے بھر میں بڑھتے ہوئے بدامنی کے واقعات، قومی شاہراہوں پر ٹرانسپورٹروں اور مال بردار گاڑیوں سے بھتہ وصولی، اغوا کی وارداتوں، مسلح جتھوں کی سرگرمیوں، مستونگ میں بجلی وگیس (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

چھتر، منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں تیز، شاہراہ پر چیکنگ سخت

ای ٹی او جاوید بلوچ کی سربراہی میں ٹیم متحرک، نوجوان نسل کو منشیات سے بچانا ترجیح ہے

چھتر (جی این ایم) نوجوان نسل کو منشیات کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھنے اور منشیات کی غیر قانونی ترسیل کی روک تھام کے لیے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و نارکوٹکس کنٹرول کی جانب سے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ قومی شاہراہ پر منشیات اسمگلروں کے خلاف نگرانی اور چیکنگ کا عمل مزید سخت کر دیا گیا ہے، جبکہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر (ETO) جاوید بلوچ کی سربراہی (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے، اسلم غوری

ایک طرف تھریٹ لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی حکومت کیا پیغام دے رہی ہے، ترجمان جے یو آئی ف

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے ترجمان نے کارکنوں کو تیار رہنے کا پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ جے یو آئی قائدین اور کارکنوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا مقابلہ کریں گے۔ اپنے ایک بیان میں اسلم غوری نے کہا کہ جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی تمام سیکورٹی واپس لے لی گئی ہے، ایک طرف تھریٹ لیٹر اور دوسری طرف سیکورٹی کی واپسی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)



اسلام آباد وزیراعظم محمد شہباز شریف کیساتھ ترکیہ کے وزیر توانائی کی قیادت میں ملنے والے وفد کا گروپ فوٹو

اسرائیل کا غزہ میں بڑا فوجی آپریشن شروع، ٹینکوں کی پیش قدمی

ہزاروں فلسطینیوں کی نقل مکانی، فضائی حملے میں ایک فلسطینی شہید، متعدد زخمی

غزہ (جی این ایم) اسرائیلی فورسز نے غزہ پٹی کے وسطی علاقے میں بڑا فوجی آپریشن شروع کردیا، اسرائیلی ٹینکوں نے شمال مغربی علاقوں کی جانب پیش قدمی کی، ہزاروں فلسطینیوں نے نقل مکانی شروع کردی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے غزہ میں (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

سندھ کروڑوں سندھیوں کی ماں تقسیم کا خواب پورا نہیں ہوگا، سعدیہ جاوید

صوبائی اسمبلی کی دوتہائی اکثریت سے منظوری آئینی تقاضا ہے، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (جی این ایم) ترجمان سندھ حکومت سعدیہ جاوید نے کہا ہے کہ سندھ کروڑوں سندھیوں کی ماں ہے، اس کی تقسیم کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔ ایم کیو ایم رہنما خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو صوبے کی حدود تبدیل کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

یوکرین کے تاریخی مرکز پر روسی حملوں میں چار افراد ہلاک، 13 زخمی

فرانس یوکرین میں اپنے فوجی اہلکاروں کی موجودگی کے ساتھ کھڑا ہے، وزارت خارجہ

کیف، پیرس (جی این ایم) یوکرین کے خطے اوڈیسا میں تاریخی مرکز پر روسی حملوں میں چار افراد ہلاک اور کم از کم 13 زخمی ہوئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق علاقائی فوجی انتظامیہ کے گورنر اولیہ کیپر نے بتایا کہ تین الگ الگ روسی حملے صبح کے وقت ہوئے جس میں ضلع کو نشانہ بنایا گیا اور اپارٹمنٹ کی عمارتوں، کیفے، دکانوں اور کھڑی کاروں کو نقصان پہنچا۔ ریاستی ایمرجنسی (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

حنیف عباسی کا 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا کے اضلاع جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

صدر مملکت کا خیبر پختونخوا میں 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں مختلف کارروائیوں کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم 22 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

وزیراعظم کا 22 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے اضلاع جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں سکیورٹی فورسز کے کامیاب آپریشنز کے دوران بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 22 دہشت گردوں (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

جے یو آئی رہنماؤں کے خلاف مقدمہ، مفتی ابرار احمد کے وارنٹ کی تعمیل

راولپنڈی (جی این ایم) پولیس نے 7 نومبر کو جمعیت علمائے اسلام (ف) کے اجتماعات کے بعد درج مقدمے میں مولانا فضل الرحمان کے سیکرٹری مفتی ابرار احمد کے عدالتی وارنٹ کی تعمیل کروا دی۔ پولیس حکام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

اسلام آباد ہائی کورٹ کا 15 روز میں نادرا ای بیلنگ کا عمل مکمل کرنے کا حکم

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر سی ڈی اے حکام کے خلاف توہین عدالت کیس کا تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے پندرہ روز میں نادرا ای بیلنگ کا عمل مکمل کرنے کا حکم دیا، تعمیل نہ ہونے پر چیئرمین سی ڈی اے کی ذاتی حیثیت میں طلبی ہوگی۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

پنجگور، ضلع کی دوبارہ ونٹرزون میں شمولیت کا نوٹیفکیشن جاری

پنجگور (جی این ایم) پنجگور کو دوبارہ ونٹر زون میں شامل کرنے کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے، جس پر نیشنل پارٹی کے صوبائی کلچرل سیکرٹری آصف مجید بلوچ اور مرکزی رہنما واجہ محمد اکبر بلوچ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ رکن صوبائی اسمبلی و مرکزی رہنما میر رحمت صالح بلوچ کی مسلسل کوششوں، جدوجہد اور مؤثر آواز کے نتیجے میں یہ فیصلہ عمل میں آیا ہے جو انتہائی خوش آئند ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

29 نومبر کی تاریخ خالد مقبول نے دی، ہم سے مشورہ نہیں کیا، مصطفی کمال

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے صحت سید مصطفی کمال نے کہا ہے کہ 29 نومبر کی ریلی کی تاریخ کا اعلان خالد مقبول صدیقی نے کیا ہے، اس سلسلے میں ہم سے کوئی مشورہ نہیں ہوا۔ ایک انٹرویو میں مصطفی کمال نے کہا ہم تصادم نہیں چاہتے ہم کسی اور دن ریلی نکالیں گے، محسوس کیا جارہا ہے کہ ملک بڑے صوبوں سے چل (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اوتھل، تحفظ حقوق بلوچستان ہڑتال کے تحت مکمل شٹر ڈاؤن، جے یو آئی کی احتجاجی ریلی

مقررین کا بدامنی، بارڈرز کی بندش اور مبینہ کردارکشی پر احتجاج، ایرانی تیل پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ

اوتھل (جی این ایم) جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) بلوچستان اور آل پارٹیز کی کال پر تحفظ حقوق بلوچستان کے سلسلے میں دی گئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کے موقع پر صوبہ بھر کی طرح ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں بھی مکمل شٹر ڈاؤن رہا، جہاں شہر بھر کے کاروباری مراکز اور دکانیں بند رہیں۔ اس موقع پر جے یو آئی تحصیل اوتھل کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی اور جلسہ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

2035 تک اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن سکتا ہے، پیو ریسرچ سینٹر

دنیا کی مذہبی آبادی میں بڑی تبدیلی متوقع، 2035 تک مسلمانوں کی تعداد عیسائیوں سے بڑھ سکتی ہے، رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی ادارے پیو ریسرچ سینٹر کی تحقیق کے مطابق دنیا کی مذہبی آبادی میں بڑی تبدیلی متوقع ہے، 2035 تک مسلمانوں کی تعداد عیسائیوں سے بڑھ سکتی ہے اور اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن سکتا ہے۔ ریسرچ سینٹر کی رپورٹ کے مطابق آنے والی دہائیوں میں مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں کی آبادی میں اضافہ ہوگا تاہم مسلمانوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

پارلیمنٹ توڑ کر نئے صاف وشفاف انتخابات کروائے جائیں، شوکت یوسفزئی

بلاول کا اناتچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں، پی ٹی آئی سیکرٹری اطلاعات خیبر پختونخوا

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے پارلیمنٹ توڑ کر نئے صاف وشفاف انتخابات کروانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا اناتچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں۔ اپنے ایک ویڈیو پیغام میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بہت ہوگیا اللہ کرے مزید خون خرابے کی باتیں نہ ہوں، بلاول کا اناتچ بولنے کے بعد موجودہ پارلیمنٹ کے رہنے کا کوئی جواز نہیں لہٰذا حکومت فوری مستعفی ہو اور ملک میں صاف وشفاف انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کسی نئی لڑائی کا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)



لورالائی: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میٹروپولیٹن کارپوریشن میں 121 مبینہ غیر شفاف بھرتیوں کا انکشاف

کوئٹہ (جی این ایم) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں مبینہ طور پر بغیر سرکاری اشتہار، شفاف مسابقتی عمل اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 121 سے زائد افراد کی تعیناتیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ ادارے میں سرگرم مبینہ عناصر نے 2010 (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی کا رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا دورہ

جھل مگسی (اے این این) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تحصیلدار جھل مگسی ارباب خان مگسی نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جھل مگسی کا سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے دوران انھوں نے طبی مرکز میں فراہم کی جانے والی (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

واسا کوئٹہ کے ملازم عبدالعلی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (واسا) کوئٹہ نے دوران سروس اپنے ملازم عبدالعلی ولد عبدالفیاض، والومین کے 19 نومبر 2026 کو اچانک انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ واسا انتظامیہ نے مرحوم (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا بجلی وگیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کا سخت نوٹس

کوئٹہ (جی این ایم) اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی زیر صدارت اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقدہ ایک اہم اجلاس میں کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف مجیب مری اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کے جنرل منیجر راحیل ملک کو طلب کر کے صوبے بالخصوص کوئٹہ میں بجلی وگیس کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور عوامی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اراکین (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

PAKISTAN RAILWAYS
HEADQUARTERS OFFICE, LAHORE

عزم استحکام

INVITATION TO e-BIDS THROUGHT EPADS v2.0
FOR DISPOSAL OF PUBLIC ASSESTS

Pakistan Railway HQs (Pakistan Railways), invites electronic bids of Single Stage One Envelope from interested firms / companies Individuals, Sole Proprietorship, Partnership Firm, Company (Private Limited), Company (Public Limited), Company (Holding Company), Company (Limited by Guarantee), State Owned Enterprise (Private Limited), State Owned Enterprise (Public Limited), NGO / NPO, IGO for disposal of 189-S/2/SCRAP/2026/1113, 189-S/2/SCRAP/2026/1114, 189-S/2/SCRAP/2026/1115, 189-S/2/SCRAP/2026/1116, 189-S/2/SCRAP/2026/1117, 189-S/2/SCRAP/2026/1118, 189-S/2/SCRAP/2026/1120, 189-S/2/SCRAP/2026/1121, 189-S/2/SCRAP/2026/1122, 189-S/2/SCRAP/2026/1123 & 189-S/2/SCRAP/2026/1124 on as is where is basis. The bidders must be registered with Federal Board of Revenue (FBR) for Income Tax and Sales Tax, and must be on Active Taxpayer List.

e-bidding documents as per Disposal of Public Assets Regulations-2026, containing detailed terms and conditions, specifications and requirements etc. are available for the registered bidders on EPADS v2.0 at https://vendors.epads.gov.pk/, and may be searched by using Disposal Activity ID No. D11475, D11544, D11550, D11562, D11580, D11592, D11610, D11655, D11676, D11685 & D11688 respectively.

Manual bids shall not be accepted. Electronic bids must be submitted through EPADS v2.0 on or before Monday, November 30, 2026 11:00 AM, and will be opened on-line on the same day at Monday, November 30, 2026 11:30 AM. The participated bidders shall be automatically notified by EPADS v2.0 regarding the preliminary results of e-Disposal proceeding, after which final results will be notified in due course as per bidding documents.

Note: Notification of the Grievance Redressal Committee (GRC) constituted in terms of Regulation No. 30 is provided on EPADS v2.0 at https://vendors.epads.gov.pk/ and on Procuring Agency's website (if available).

PID(L) 1277/2026

District Controller of Stores/General
Pakistan Railways, Headquarters, Empress Road, Lahore.
Phone/Fax Number: 042-99201708



کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک اور بی آر ایس این لیٹریسی سوسائٹی کے زیر اہتمام علامہ محمد اقبال لیٹریسی فیسٹیول کی تقریب سے ڈی جی خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، ڈاکٹر صفیہ مینگل، سرور جاوید، فائزہ میر، ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ سکندر اور دیگر خطاب کر رہے ہیں



وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ کی قیادت میں صغیر احمد اور اقرار احمد کے اہلخانہ احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں